21/02/2026

09.25/AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی قیادت میں بھارت آج نہ صرف اقتصادی ترقی کی کہانی رقم کر رہا ہے بلکہ تہذیبی بیداری کا بھی مشاہدہ کر رہا ہے۔

وہ اُتر پردیش کے دیوریہ (Deoria) میں بنکا تاشو (Bankatashiv) کے شری لکشمی نارائن مندر میں ایک تقریب کے دوران خطاب کر رہے تھے۔ لیفٹنٹ گورنر نے اس بات پر زور دیا کہ ہر شہری کو ذمہ داری کے ساتھ شاندار ورثے کا احترام کرنا چاہئے۔

منوج سنہا

اس دوران منوج سنہا نے ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے جذبے کو تقویت بخشنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ثقافتی اور روحانی ورثے کی بدولت یکجہتی اور اخوت جیسے اقدار بھی پروان چڑھتے ہیں ۔

لوک بھون جموں میں کل اروناچل پردیش اور میزورم کا سٹیٹ ہُڈ ڈے منانے کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ یہ دو ریاستیں ثقافت اور یکجہتی کی جیتی جاگتی مثال ہیں ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی حکومت وقت کی پابندی کے ساتھ خالی اسامیوں کو پُر کرنے کےلئے پُر عزم ہے۔ انہوننے اعلان کیا کہ سال رواں کے دوران30ہزار سے زیادہ خالی اسامیاں پُر کی جائیں گی۔ ان باتوں کا اظہار انہوننے اسمبلی کے جا ری بجٹ اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران MLA پروفیسر Gharu رام بھگت کی طرف سے اُٹھائے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے کیا۔

تبدیلی

جموںو کشمیر انتظامیہ نے 20آئی اے ایس2جے کے اے ایس افسران کے تبادلوں اور تعیناتی کے احکامات صادر کئے۔ اس حوالے سے جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری حکم نامے کے مطابق ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان کو تبدیل کرکے ڈپٹی کمشنر بڈگام تعینات کیا گیا۔ جبکہ ضلع ترقیاتی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کو ڈپٹی کمشنر اننت ناگ مقرر کیا گیا ۔

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ سید فخر الدین حامد کو تبدیل کر کے ضلع ترقیاتی کمشنر بارہمولہ تعینات کیا گیا ہے۔

ڈائریکٹر ایمپلائمنٹ جموںو کشمیر شہزاد عالم کو ڈپٹی کمشنر کولگام مقرر کیا گیا ہے۔ ڈائریکٹر امور صارفین و عوامی تقسیم کا ری کشمیر اویس احمد کو تبدیل کر کے اُن کی جگہ ڈاکٹر ساگر ڈی دتاترئے کو تعینات کیا گیا۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر 9419678060 ہے ۔ اس بارے میں ACB کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

مادری زبان

آج مادری زبان کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد مختلف طبقوں ، علاقوں اور سماجوں میں مادری زبان کی اہمیت کو اجا گر کرنا ہے ۔

اس دن کے حوالے سے جموںو کشمیر میں بھی تقریبات کا اہتمام ہو رہا ہے۔ جس دوران ماہرین اپنے خیالات کا اظہار کریں گے ۔

یوم تاسیس

آج اپنا87واں یوم تاسیس منا رہا ہے۔ اس سلسلے میں (CRPF) سینٹرل Reserveپولیس فورس پریڈ کا انعقاد ہو رہا ہے۔ CRPFمختلف حصوں میں تقریبات اور

یوم تاسیس کے مرکزی تقریب آسام مینمنعقد ہو رہی ہے جس میں وزیر داخلہ امت شاہ مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔

ریلوے

شمالی ریلوے نے بڈگام سے کٹڑہ تک شروع کی گئی خصوصی ریل سروس کو2جولائی تک جا ری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ قدم مسافروں کو راحت پہنچانے اور کشمیر اور جموں کے درمیان ریل رابطے کو مزید مستحکم کرنے کےلئے اُٹھایا گیا ہے۔

یہ ٹرین سروس موجودہ شیڈول کے مطابق توسیع شدہ تاریخ یعنی2جولائی تک جاری رہے گی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت1 اعشاریہ 8ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت12اعشاریہ1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....